روزنامہ
1913ء سے جاری شدہ
FR-10
الفضل
The ALFAZL Daily
ٹیلی فون نمبر 047-6213029
ایڈیٹر : عبدالسمیع خان
web: http://www.alfazl.org
email: editor@alfazl.org
پیر 17 ستمبر 2012ء 29 شوال 1433 ہجری 17 تبوک 1391 ھش جلد 62-97 نمبر 216

## آخری روحانی عہدہ

حضرت مولانا محمد قاسم صاحب نانوتویؒ (متوفّٰی 1297ھ) فرماتے ہیں۔
انبیاء بوجہ احکام رسانی مثل گورنر وغیرہ نُوّاب خداوندی ہوتے ہیں اس لئے ان کا حاکم ہونا ضروری ہے چنانچہ...... جیسے عہدہ ہائے ماتحت میں سب سے اوپر عہدہ گورنری یا وزارت ہے اور سوا اس کے اور سب عہدے اس کے ماتحت ہوتے ہیں اوروں کے احکام کو اور توڑ سکتا ہے اس کے احکام کو کوئی نہیں توڑ سکتا اور وجہ اس کی یہی ہوتی ہے کہ اس پر مراتب عہدہ جات ختم ہو جاتے ہیں۔ ایسے ہی خاتم مراتب نبوت کے اوپر اور کوئی عہدہ یا مرتبہ ہوتا ہی نہیں جو ہوتا ہے اس کے ماتحت ہوتا ہے۔
(مباحثہ شاہجہانپور صفحہ 24-25 مطبع مجتبائی 1295ھ)

# ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اپنی پاک باطنی وانشراح صدری وعصمت وحیاء وصدق و صفاء وتوکل ووفا اور عشق الٰہی کے تمام لوازم میں سب انبیا سے بڑھ کر اور سب سے افضل اور اعلیٰ واکمل وارفع واجلیٰ واصفا تھے اس لئے خدائے جل شانہ نے ان کو عطر کمالات خاصہ سے سب سے زیادہ معطر کیا اور وہ سینہ اور دل جو تمام اولین وآخرین کے سینہ و دل سے فراخ تر و پاک تر ومعصوم تر وروشن تر وعاشق تر تھا وہ اسی لائق ٹھہرا کہ اس پر ایسی وحی نازل ہو کہ جو تمام اولین وآخرین کی وحیوں سے اقویٰ واکمل وارفع واتم ہو کر صفات الٰہیہ کے دکھلانے کے لئے ایک نہایت صاف اور کشادہ اور وسیع آئینہ ہو۔

(سرمہ چشم آریہ۔ روحانی خزائن جلد2ص 71)

وہ انسان جس نے اپنی ذات سے اپنی صفات سے اپنے افعال سے اپنے اعمال سے اور اپنے روحانی اور پاک قویٰ کے پُرزور دریا سے کمال تام کا نمونہ علماً وعملاً وصدقاً وثباتاً دکھلایا اور انسان کامل کہلایا (۔) وہ انسان جو سب سے زیادہ کامل اور انسان کامل تھا اور کامل نبی تھا اور کامل برکتوں کے ساتھ آیا جس سے روحانی بعث اور حشر کی وجہ سے دنیا کی پہلی قیامت ظاہر ہوئی اور ایک عالم کا عالم مرا ہوا اس کے آنے سے زندہ ہو گیا وہ مبارک نبی حضرت خاتم الانبیاء امام الاصفیاء ختم المرسلین فخر النبیّین جناب محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم ہیں۔ اے پیارے خدا اس پیارے نبی پر وہ رحمت اور درود بھیج جو ابتداء دنیا سے تو نے کسی پر نہ بھیجا ہو۔

(اتمام الحجۃ۔ روحانی خزائن جلد8ص 308)

## اعزاز

(گورنمنٹ جامعہ نصرت برائے خواتین ربوہ)

گورنمنٹ جامعہ نصرت برائے خواتین ربوہ کا B.A اور B.Sc کا رزلٹ شاندار رہا۔ چنانچہ کالج کا مجموعی رزلٹ 75.05% اور B.Sc کا رزلٹ 100% رہا۔ یہ رزلٹ یونیورسٹی کی شرح فیصد سے نمایاں طور پر بہتر ہے۔ کالج کی طالبہ عزیزہ لبنٰی نصیر بنت مکرم نصیر احمد صفدر صاحب نے 850 میں سے 604 نمبر لے کر کالج میں اول پوزیشن حاصل کی۔ دعا کی درخواست ہے کہ یہ اعزاز ادارہ کیلئے بابرکت ہو اور نئی کامیابیوں کا پیش خیمہ ہو۔
(پرنسپل گورنمنٹ جامعہ نصرت برائے خواتین ربوہ)

## دارالضیافت میں قربانی

بیرون ربوہ نیز بیرون پاکستان سے ایسے احباب جو جماعتی نظام کے تحت عیدالاضحٰی کے موقع پر مرکز سلسلہ میں قربانی کروانے کے خواہشمند ہوں وہ اپنی رقم بالتفصیل ذیل جلد از جلد خاکسار کو بھجوا دیں۔
1۔قربانی بکرا -/12000 روپے
2۔قربانی حصہ گائے -/6,000 روپے
(نائب ناظر ضیافت، دارالضیافت ربوہ)

## جنریٹر برائے فروخت

ایک عدد جنریٹر KVA150 مکمل چائنہ سیکنڈ ہینڈ فروخت کرنا مقصود ہے۔ خواہش مند حضرات بند لفافہ ٹینڈر نظامت جائیداد کو مورخہ 25 ستمبر 2012ء تک پہنچا دیں۔ رقم کی ادائیگی موقع پر ہوگی۔
(ناظم جائیداد صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ)

## نفلی روزہ رکھنے کی تحریک

ہمارے پیارے امام حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے 7۔اکتوبر 2011ء کے خطبہ جمعہ میں دعاؤں اور عبادات کی طرف توجہ دلائی اور ہفتہ میں ایک دن روزہ رکھنے کی تلقین فرمائی ہے۔ آپ نے فرمایا:۔

پاکستان میں رہنے والے احمدیوں کو میں خاص طور پر توجہ دلانی چاہتا ہوں کہ دعاؤں کو صرف عام دعائیں ہی نہیں بلکہ خاص دعاؤں کی طرف اب پہلے سے بڑھ کر توجہ دیں۔ بلکہ ان دعاؤں کے ساتھ ساتھ ہفتہ میں ایک نفلی روزہ بھی رکھنا شروع کر دیں۔ (الفضل 29 نومبر 2011ء)

مورخہ 14/اکتوبر 2011ء کو حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے روزہ کے بارہ میں مزید وضاحت فرمائی:۔

مناسب ہوگا کہ جماعتی طور پر ایک ہی دن روزہ رکھا جائے۔ ہر مقامی جماعت اپنے طور پر بھی فیصلہ کر سکتی ہے لیکن بہتر یہی ہے کہ مقامی جماعت میں بھی ایک فیصلہ ہو۔ پیر یا جمعرات کے دن رکھ لیا جائے۔ یہی پاکستان کے احمدیوں کو میں نے کہا تھا۔ بہرحال جو میں نے تحریک کی تھی اس کی طرف بھرپور توجہ دینے کی ضرورت ہے جماعت کو۔

(الفضل 7 دسمبر 2011ء)

حضور انور ایدہ اللہ کے ارشاد کی تعمیل میں احباب جماعت سے درخواست ہے کہ ہر جمعرات کو تمام احباب جماعت روزہ رکھیں۔ اگر کسی وجہ سے روزہ نہ رکھ سکیں تو پیر والے دن روزہ رکھ لیں۔ اللہ کرے کہ ہم سب اپنے پیارے امام کی تحریک پر لبیک کہنے والے ہوں۔ آمین

(ناظر اصلاح وارشاد مرکزیہ)

# اوقات سحر و افطار ربوہ برائے نفلی روزہ بروز جمعرات
## 6 ستمبر 2012ء تا 4 جولائی 2013ء

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی تحریک پر ہر جمعرات کو نفلی روزہ رکھا جاتا ہے۔ اہل ربوہ کو وقت سحر و افطار سے مطلع کرنے کے لئے 6 ستمبر 2012ء تا 4 جولائی 2013ء کے دوران آنے والی ہر جمعرات کے اوقات ذیل میں درج کئے جا رہے ہیں۔ ان کو گھروں اور بیوت الذکر میں نمایاں جگہوں پر آویزاں کریں تاکہ روزہ کی یاددہانی بھی ہوتی رہے اور اوقات سحر و افطار بھی معلوم ہوتے رہیں۔

| نمبر شمار | تاریخ | وقت سحر | وقت افطار | نمبر شمار | تاریخ | وقت سحر | وقت افطار |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | 06/9/2012 | 4:19 | 6:29 | 23 | 7/02/2013 | 5:30 | 5:49 |
| 2 | 13/9/2012 | 4:24 | 6:20 | 24 | 14/02/2013 | 5:25 | 5:56 |
| 3 | 20/9/2012 | 4:28 | 6:10 | 25 | 21/02/2013 | 5:18 | 6:01 |
| 4 | 27/9/2012 | 4:33 | 6:01 | 26 | 28/02/2013 | 5:11 | 6:07 |
| 5 | 4/10/2012 | 4:37 | 5:52 | 27 | 7/03/2013 | 5:03 | 6:12 |
| 6 | 11/10/2012 | 4:42 | 5:43 | 28 | 14/03/2013 | 4:54 | 6:17 |
| 7 | 18/10/2012 | 4:45 | 5:35 | 29 | 21/03/2013 | 4:45 | 6:22 |
| 8 | 25/10/2012 | 5:51 | 5:29 | 30 | 28/03/2013 | 4:36 | 6:27 |
| 9 | 1/11/2012 | 4:57 | 5:21 | 31 | 4/04/2013 | 4:27 | 6:31 |
| 10 | 8/11/2012 | 5:02 | 5:16 | 32 | 11/04/2013 | 4:18 | 6:36 |
| 11 | 15/11/2012 | 5:08 | 5:11 | 33 | 18/04/2013 | 4:10 | 6:41 |
| 12 | 22/11/2012 | 5:14 | 5:08 | 34 | 25/04/2013 | 4:02 | 6:46 |
| 13 | 29/11/2012 | 5:20 | 5:06 | 35 | 02/05/2013 | 3:54 | 6:51 |
| 14 | 6/12/2012 | 5:25 | 5:06 | 36 | 09/05/2013 | 3:48 | 6:56 |
| 15 | 13/12/2012 | 5:30 | 5:07 | 37 | 16/05/2013 | 3:42 | 7:00 |
| 16 | 20/12/2012 | 5:34 | 5:10 | 38 | 23/05/2013 | 3:38 | 7:05 |
| 17 | 27/12/2012 | 5:38 | 5:14 | 39 | 30/05/2013 | 3:34 | 7:09 |
| 18 | 3/01/2013 | 5:40 | 5:19 | 40 | 06/06/2013 | 3:32 | 5:13 |
| 19 | 10/01/2013 | 5:41 | 5:24 | 41 | 13/06/2013 | 3:32 | 7:16 |
| 20 | 17/01/2013 | 5:40 | 5:30 | 42 | 20/06/2013 | 3:32 | 7:19 |
| 21 | 24/01/2013 | 5:38 | 5:37 | 43 | 27/06/2013 | 3:34 | 7:20 |
| 22 | 31/01/2013 | 5:35 | 5:43 | 44 | 04/07/2013 | 3:37 | 7:20 |

پبلشر و پرنٹر: طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ | مطبع: ضیاء الاسلام پریس | مقام اشاعت: دارالنصر غربی چناب نگر ربوہ | قیمت 5 روپے

جلسہ سالانہ برطانیہ 2012ء کے موقع پر حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ کے دوسرے دن 8 ستمبر کے خطاب کا خلاصہ

# اللہ تعالیٰ کے فضل سے جماعت احمدیہ کا پودا 202 ممالک میں لگ چکا ہے

## 605 نئی جماعتیں، 338 بیوت الذکر، 117 مشن ہاؤسز اور 957 مقامات پر جماعت احمدیہ کا نفوذ

## 2 ہزار 320 نمائشیں، 45 زبانوں میں 569 کتب و فولڈرز اور 5 لاکھ 14 ہزار سے زائد بیعتیں

جلسہ سالانہ برطانیہ کے دوسرے دن مورخہ 8 ستمبر 2012ء کو سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے جماعت احمدیہ پر اللہ تعالیٰ کے فضلوں کی بارش اور نصرت الٰہی کا ذکر فرمایا۔ جب حضور انور جلسہ گاہ تشریف لائے تو پنڈال نعرہ ہائے تکبیر سے گونج اٹھا۔ تلاوت قرآن کریم اور نظم کے بعد حضور انور نے دو گھنٹے کا خطاب فرمایا۔ جس میں تفصیل کے ساتھ جماعتی ترقیات اور انعامات الٰہی بیان فرمائے۔ یہ دراصل ایک مختصر سا جائزہ تھا جس کو حضور انور نے خلاصے کے طور پر پیش فرمایا۔ حضور انور نے جماعت کے مختلف شعبہ جات کے تحت ان کی کارکردگی اور اعداد و شمار پیش فرمائے اور ساتھ ساتھ بہت ہی ایمان افروز واقعات نے خطاب کو چار چاند لگا دیئے۔ شعبہ جات کی کارکردگی اور اعداد و شمار اس رپورٹ میں شامل ہیں۔

تشہد، تعوذ اور سورۃ فاتحہ کی تلاوت کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے اس طرح خطاب کا آغاز فرمایا۔

آج حسب روایت اللہ تعالیٰ کے فضلوں کا ذکر ہوتا ہے جو جماعت پر دوران سال ہوئے۔ اور یہ ذکر بھی ان فضلوں کا عشر عشیر بھی نہیں ہوتا جو اللہ تعالیٰ سارے سال میں جماعت احمدیہ پر فرما رہا ہے۔

### نئے ممالک

اللہ تعالیٰ کا بہت احسان ہے کہ اس سال بھی خدا تعالیٰ نے ہمیں دو نئے ممالک میں احمدیت کا پودا لگانے کی توفیق عطا فرمائی۔ اور اب دنیا کے 202 ممالک میں جماعت احمدیہ قائم ہو چکی ہے اور اس طرح گزشتہ 28 سالوں میں اللہ تعالیٰ نے 111 نئے ممالک جماعت احمدیہ کو عطا فرمائے ہیں۔ دوران سال جو دو نئے ممالک ملے ہیں ان میں پانامہ اور امریکن سامواہیں۔ پانامہ جو سینٹرل امریکہ میں واقع ہے، شمال میں کیریبئن سی (Caribbean Sea) اور اس کے جنوب میں پیسفک سی (Pacific Sea) ہے اور شمال مغرب میں ملک کوسٹاریکا ہے۔ جنوب مشرق میں کولمبیا ہے۔ سپینش یہاں بولی جاتی ہے اور 35 لاکھ اس ملک کی آبادی ہے چھوٹا ملک ہے۔ یہاں ہمارے اٹلی سے ایک دوست گئے تھے ان کے ذریعہ سے جماعت یہاں قائم ہوئی۔

امریکن ساموا بھی ساؤتھ پیسفک جزائر کے ممالک میں سے ہے۔ اس کی آبادی 55 ہزار ہے چھوٹا سا ملک ہے۔ یہ انگلینڈ کے سپرد کیا گیا تھا اور ان کے ذریعہ سے یہاں جماعت قائم ہوئی ہے۔

### نئی جماعتیں

دوران سال اللہ تعالیٰ کے فضل سے 52 ممالک میں وفود بھجوا کر احمدیت میں نئے شامل ہونے والوں سے رابطے کئے گئے۔ اس طرح اب اللہ تعالیٰ کے فضل سے پاکستان کے علاوہ دنیا بھر میں جو 605 جماعتیں قائم ہو چکی ہیں۔ اور ان 605 جماعتوں کے علاوہ 957 مقامات پر پہلی دفعہ احمدیت کا پودا لگا ہے نئی جماعتوں کے قیام کے بعض واقعات حضور انور نے پیش فرمائے جو مختلف ممالک سے مربیان سلسلہ نے لکھ کر بھجوائے تھے۔

### بیوت الذکر

جماعت کو دوران سال اللہ تعالیٰ کے فضل سے جو بیوت الذکر میں اضافہ کرنے کی توفیق ملی ان کی مجموعی تعداد 338 ہے جن میں سے 119 نئی بیوت تعمیر ہوئی ہیں اور 219 بیوت بنی بنائی عطا ہوئی ہیں۔ امریکہ میں حالیہ دورے کے دوران ڈیٹن، کولمبس، ورجینیا، بالٹی مور اور ہیرس برگ وغیرہ میں بیوت کے افتتاح کی توفیق ملی۔ یوکے میں خدا کے فضل سے چھ نئی بیوت کا افتتاح ہوا ہے اور یوکے میں بیوت کی تعداد 16 ہو چکی ہے۔ اس کے علاوہ اور جگہوں پر بھی بیوت بن رہی ہیں۔ ہندوستان میں اس سال اللہ تعالیٰ کے فضل سے سات بیوت کا افتتاح ہوا ہے، بنگلہ دیش میں 3 بیوت، انڈونیشیا میں امسال پانچ بیوت کا اضافہ ہوا ہے اور انڈونیشیا میں بیوت کی تعداد 392 ہو چکی ہے۔ غانا میں 17 نئی بیوت تعمیر ہوئی ہیں۔ فلپائن میں ایک، نائیجیریا میں 14، سیرالیون میں 59، لائبیریا میں 12، گیمبیا میں 5، آئیوری کوسٹ میں 3، ایسٹ افریقہ تنزانیہ میں 10، یوگنڈا میں 6، برکینا فاسو میں 14 اور مالی، کانگو کنشاسا اور بینن میں 62 بنی بنائی بیوت ملی ہیں۔ بیوت الذکر کے تعلق میں حضور انور نے چند واقعات بیان فرمائے۔

### مشن ہاؤسز

اس سال خدا تعالیٰ کے فضل سے 117 مشن ہاؤسز کا اضافہ ہوا ہے۔ 108 ممالک میں دینی مراکز کی کل تعداد 2 ہزار 442 ہو چکی ہے۔ اس میں انڈیا کی جماعت سرفہرست ہے جہاں دوران سال 40 مراکز کا اضافہ ہوا ہے۔ انڈونیشیا، جرمنی آئیوری کوسٹ اور دیگر ممالک میں بھی اضافے ہوئے ہیں۔

### وقار عمل

جماعت احمدیہ کا ایک خصوصی امتیاز ہے وقار عمل، مختلف ممالک کی جماعتیں اپنی بیوت الذکر، مشن ہاؤسز، کی تعمیر میں بجلی پانی اور دیگر فٹنگز کا کام اور رنگ وروغن وغیرہ وقار عمل کے ذریعہ سے سرانجام دیتے ہیں۔ چنانچہ 62 ممالک سے موصولہ رپورٹ کے مطابق 19 ہزار 980 وقار عمل کئے گئے۔ اس کے ذریعہ سے 37 لاکھ 13 ہزار 383 ڈالرز کی بچت کی گئی۔ اس میں جرمنی سرفہرست ہے۔

### اشاعت کتب و پمفلٹس

وکالت اشاعت کی رپورٹ کے مطابق 7 ممالک سے موصولہ رپورٹس کے مطابق 569 مختلف کتب، پمفلٹس، فولڈرز وغیرہ 45 زبانوں میں طبع ہوئے ہیں جن کی تعداد 52 لاکھ 74 ہزار 526 ہے۔ اسی طرح قرآن کریم کے تراجم مختلف زبانوں میں شائع ہوئے ہیں یا ری پرنٹ (Reprint) ہوئے ہیں۔ حضرت مسیح موعود کی کتب کے بعض تراجم شائع ہوئے ہیں۔ براہین احمدیہ کی پہلی اور دوسری جلد کا ترجمہ انگریزی میں شائع ہو گیا ہے۔ پہلی جلد کا ترجمہ چھپ کے آ گیا ہے اور دوسری جلد کا چند دن تک آنے والا ہے۔

### رسالہ موازنہ مذاہب

ایک رسالہ جاری کیا گیا تھا۔ یہ ریسرچ سیل کے ذمہ لگایا گیا تھا، اس کا نام ہے موازنہ مذاہب جو یو۔کے سے چھپتا ہے اور اس میں بڑے علمی اور تحقیقی مضامین ہوتے ہیں۔ اس وقت اس کی خریداری کم ہے، میں اس کے بارے میں کہنا چاہتا ہوں جو لوگ اردو پڑھنا جانتے ہیں ان کو اس رسالے کا خریدار بننا چاہئے۔

### وکالت تصنیف

وکالت تصنیف کی رپورٹ کے مطابق شارٹ کمنٹری ایڈٹ ہو رہی ہے اور مختلف مضامین کی چیکنگ ہو رہی ہے اور کافی لٹریچر آ گیا ہے کچھ آنے والا ہے۔

اسی طرح امسال شائع ہونے والی کتابوں میں مجلس خدام الاحمدیہ یوکے نے انگریزی زبان میں حضرت مصلح موعود کے بارے میں کتاب شائع کی ہے، بڑی اچھی کتاب ہے حضرت مسیح موعود کی کتب کئی زبانوں میں شائع ہوئی ہیں۔ جن میں عربی، بوسنین، چینی، مالٹی، جرمن، ہندی، رشیئن شامل ہیں اور دیگر بہت سی زبانوں میں بھی ترجمہ ہو کر شائع ہو رہی ہیں۔

### ریویو آف ریلیجنز

رسالہ ریویو آف ریلیجنز کی تعداد پہلے بہت کم

تھی۔ 2010ء میں 1240 تھی۔ میں نے اس کی خریداری بڑھانے کی تحریک کی تھی۔ اب اس کی اشاعت 8 ہزار 500 تک پہنچ چکی ہے۔ اس میں امریکہ اور غانا کی طرف سے زیادہ خریداری ہے۔ باقی ممالک میں کم ہے۔ کینیڈا اور امریکہ کا ایک شکوہ یہ تھا کہ لیٹ چھپ کے آتا ہے۔ اب کوشش ہو رہی ہے کہ وہیں سے شائع ہو جائے۔

## پرنٹنگ پریس

احمدیہ پرنٹنگ پریسز جو مختلف دنیا میں قائم ہیں وہ بھی اللہ تعالیٰ کے فضل سے بڑا اچھا کام کر رہے ہیں۔ فضل عمر پریس قادیان میں بہت عمدہ کتب شائع ہو رہی ہیں تقریباً 85-90 فیصد کام وہیں ہو رہا ہے۔

## نمائشیں اور بک سٹالز

نمائشوں اور بک سٹالز کے ذریعہ سے بھی اس سال کافی کام ہوا ہے، قرآن مجید اور لٹریچر کی نمائشیں ہوئی ہیں۔ 2 ہزار 320 نمائشوں کے ذریعہ 21 لاکھ 86 ہزار 500 افراد تک دین حق کا پیغام پہنچا۔ 5 ہزار سے زائد بک سٹالز اور بک فیئرز میں شمولیت ہوئی اور ان کے ذریعہ سے 33 لاکھ 20 ہزار 900 افراد تک پیغام پہنچا۔ حضور انور نے مختلف شخصیات کے نمائشوں کے بارے میں تاثرات بیان فرمائے۔ جن میں لوگوں کے متاثر ہونے اور جماعتی تعلیمات کی طرف مائل ہونے کا ذکر تھا۔

## لیف لٹس اور فلائرز

فرمایا لیف لٹس اور فلائرز کی تقسیم کے حوالے سے میں نے کہا تھا ہر جگہ پہنچایا جائے۔ امریکہ میں گزشتہ 2 سالوں میں 23 لاکھ 93 ہزار فلائرز تقسیم کئے گئے ہیں۔ اس طرح ریڈیو، ٹی وی اور اخبارات کے ذریعہ سے 70 ملین افراد تک احمدیت کا پیغام پہنچایا گیا ہے۔ کینیڈا والوں نے امسال 4 لاکھ 24 ہزار فلائرز تقسیم کئے۔ 85 ملین سے زائد افراد تک احمدیت کا پیغام پہنچایا۔ جرمنی میں 3 ملین (30 لاکھ) سے زائد لیف لٹس تقسیم ہو چکے ہیں۔ وہاں مختلف ذرائع سے 30 ملین سے زائد افراد تک پیغام پہنچ چکا ہے۔ سویڈن میں 3 لاکھ 50 ہزار فلائرز تقسیم کئے گئے، 2 ملین سے اوپر افراد تک پیغام پہنچ گیا ہے۔ ٹرینیڈاڈ میں 4 لاکھ، ناروے میں 2 لاکھ سے اوپر، بیلجیئم میں 4 لاکھ سے اوپر، ہالینڈ 6 لاکھ اور سپین گیانا میں 30 ہزار اور اس طرح دنیا کے ہر ملک میں تقسیم ہو رہے ہیں اور کروڑوں آدمیوں تک اب جماعت احمدیہ کا اللہ تعالیٰ کے فضل سے پیغام پہنچ رہا ہے۔ یو کے میں فلائرز کی تقسیم ہوئی ہے۔ سکولوں میں اور بسوں کے ذریعے سے احمدیت کا پیغام پہنچایا گیا ہے۔ اس حوالے سے غیروں کے تاثرات بیان فرمائے۔

## گھانا کی شاہراہوں پر بورڈز

امیر صاحب گھانا کی رپورٹ ہے کہ وہاں کی 2-3 شاہراہوں پر حضرت مسیح موعود کی تصویر کے ساتھ بہت بڑے بل بورڈ لگائے گئے ہیں۔ یہ تصویر اور اس بورڈ پر لکھا گیا پیغام ہر گزرنے والے کو متوجہ کرتا ہے۔

## ایم ٹی اے انٹرنیشنل

ایم ٹی اے انٹرنیشنل کا کام بھی اب اللہ تعالیٰ کے فضل سے بہت وسیع ہو گیا ہے اور اس کے 14 ڈیپارٹمنٹس ہیں جو کام کر رہے ہیں، ان میں کام کرنے والوں میں خواتین بھی ہیں اور مرد بھی ہیں، جو 24 گھنٹے کام کر رہے ہیں یو کے کے نوجوانوں کی بہت بڑی تعداد رضا کارانہ کام کر رہی ہے۔ اللہ تعالیٰ ان سب کو جزا دے۔ اس سال ایم ٹی اے کی نشریات کی بڑھتی ہوئی مانگ کو دیکھتے ہوئے مختلف زبانوں کے تراجم کو نشر کی جانے والی سٹریمز کی تعداد 28 ہوگئی ہے۔ انٹرنیٹ پر ایم ٹی اے دیکھنے والوں کی تعداد میں اس قدر اضافہ ہوا ہے کہ بعض اوقات زیادہ وزیٹرز کی وجہ سے سٹریم متاثر ہو جاتی ہے۔ چنانچہ اب ایک گلوبل IPT ڈسٹری بیوٹر کے ذریعہ ایم ٹی اے نشر کیا جائے گا۔ جس کی وجہ سے کوئی روک نہیں آئے گی۔ اسی طرح موبائل فونز پر بھی ایم ٹی اے انٹرنیٹ کو وسعت ہوگئی ہے۔ انٹرنیٹ کا موبائل پہ جو صحیح استعمال ہو سکتا ہے وہ اللہ تعالیٰ کے فضل سے صرف جماعت احمدیہ کے ذریعہ سے ہو رہا ہے۔ غیروں میں ایم ٹی اے کی مقبولیت، نشریات دیکھنے کی طرف توجہ اور شوق کے حوالے سے حضور انور نے پراثر واقعات بیان فرمائے۔

## احمدیہ ریڈیو

احمدیہ ریڈیو کے ذریعہ بھی بہت کام ہو رہا ہے۔ ساؤتھ افریقہ کے تین ممالک میں 7 کی تعداد میں احمدیہ ریڈیو سٹیشنز قائم ہو چکے ہیں۔ برکینا فاسو، مالی اور سیرالیون میں۔ لوگ یہ ریڈیو سن کے جماعت سے تعارف حاصل کر رہے ہیں ریڈیو کی نشریات سن کر احمدیت قبول کرنے والوں کا حضور انور نے ذکر فرمایا۔

## مرکزی ویب سائیٹ

جماعت کی مرکزی ویب سائٹ کے ذریعہ سے بھی بہت اچھا کام ہو رہا ہے۔ امریکہ میں رضا کار یہ سارا کام کر رہے ہیں۔ کینیڈا، پاکستان اور انڈیا میں بھی ان کی ٹیم ہے۔ خطبات جمعہ 18 زبانوں آڈیو وڈیو کی صورت میں یو ٹیوب (You Tube) میں ڈالے گئے ہیں۔ آئی پیڈ کے علاوہ آئی فون اور بلیک بیری فونز کے ذریعہ بھی خطبات دیکھے جا سکتے ہیں۔ اگر بچوں کو فون پکڑانا ہے، آئی پیڈ یا آئی فون لے کے دینا ہے تو یہ عادت ڈالیں کہ کم از کم روزانہ جماعت کے پروگرامز بھی دیکھا کریں۔ اس ویب سائٹ پر 500 اردو اور 180 انگریزی کتب مہیا کی گئی ہیں۔

## رشین ڈیسک

رشین ڈیسک بہت اچھا کام کر رہا ہے۔ انہوں نے ایک ویب سائیٹ جاری کی ہے۔ جو خطبات کو رشین میں ترجمہ کر کے اگلے دن اس پر مہیا کرتی ہے۔ اس پر بے شمار خطوط آتے ہیں لوگ بہت خوش ہیں کہ ان کی زبان میں فوری طور پر خطبہ جمعہ کا ترجمہ مل جاتا ہے۔

## چینی ڈیسک

چینی ڈیسک بھی اللہ تعالیٰ کے فضل سے اچھا کام کر رہا ہے۔ چین میں بعض نمائشوں کے ذریعہ سے لٹریچر وہاں پہنچا ہے۔ مختلف لٹریچر چینی زبان میں ترجمہ ہو رہا ہے۔

## ٹرکش ڈیسک

ٹرکش ڈیسک بھی بہت اچھا کام کر رہا ہے۔ انہوں نے بھی حضرت مسیح موعود کی کافی کتب کا ٹرکش زبان میں ترجمہ کر لیا ہے۔ ایم ٹی اے پر ان کے پروگرامز بھی آ رہے ہیں۔

## بنگلہ ڈیسک

بنگلہ ڈیسک بھی باقاعدہ کام کر رہا ہے ان کا Live پروگرام جو آتا ہے اس کے 47 پروگرامز آ چکے ہیں۔ اس کے ذریعہ سے اللہ تعالیٰ کے فضل سے کافی بیعتیں ہوگئی ہیں بنگلہ دیش میں بھی اور مغربی بنگال انڈیا میں بھی۔

## فرنچ ڈیسک

فرنچ ڈیسک بھی اللہ تعالیٰ کے فضل سے کافی اچھا کام کر رہا ہے اور خطبات کا ترجمہ اور کتابوں کا ترجمہ اور قرآن کریم کا بھی نظرثانی شدہ ایڈیشن بھی اب چھپ کر آ رہا ہے۔ پرنٹنگ پریس میں ہے۔

## جاپانی ڈیسک

جاپانی ڈیسک بھی قائم ہو چکا ہے وہ بھی اچھا کام کر رہا ہے۔

## عربک ڈیسک

عربک ڈیسک میں بھی اللہ کے فضل سے حضرت مسیح موعود کی تمام اردو کتابوں کا ترجمہ کر لیا ہے۔ جو چند رہ گئی ہیں وہ بھی چند مہینوں میں ہو جائے گا اور اس طرح عربی زبان میں حضرت مسیح موعود کی تمام کتب کا ترجمہ میسر آ جائے گا ہر پڑھنے والوں کو ایم ٹی اے 3 اور الحوار المباشر کے ذریعہ بڑا اچھا کام ہو رہا ہے۔ اس سلسلہ میں حضور نے بعض تاثرات بیان فرمائے۔

## تحریک وقف نو

تحریک وقف نو میں اللہ تعالیٰ کے فضل سے واقفین نو کی تعداد میں امسال 3 ہزار 496 کا اضافہ ہوا ہے اور کل تعداد 47 ہزار 898 ہو گئی ہے۔ بچوں کی تعداد 29 ہزار 864 اور بچیوں کی تعداد 18 ہزار ہے۔ پاکستان کے واقفین نو سب سے زیادہ ہیں۔ اس وقت تک واقفین نو میں سے 93 مربیان تیار ہو چکے ہیں۔ 70 معلمین تیار ہو چکے ہیں۔ 29 ٹیچرز تیار ہو چکے ہیں۔ ایک ڈرافٹس مین، 16 نرسیں، 66 دوسرے کارکنان ہیں، 2 انجینئرز، ایک فارماسسٹ ہیں، 2 ڈاکٹرز ہیں۔ جامعہ احمدیہ میں 1342 واقفین نو ہیں اور 101 معلمین ہیں۔ 2 پی ایچ ڈی کر رہے ہیں۔ 126 ایم بی بی ایس کر رہے ہیں، 30 ڈینٹل سرجری کر رہے ہیں 67 فارماسسٹ ہیں، 3 ویٹنری ڈاکٹرز ہیں۔ 24 ہومیو ڈاکٹرز ہیں، 5 فزیوتھراپسٹ ہیں۔ 70 پیرا میڈکس ہیں۔ 20 جی سی ایس سی آنرز، 227 بی کام اور اس طرح مختلف شعبہ جات میں واقفین نو ہیں۔

تحریک وقف نو کی برکات کے حوالے سے حضور انور نے ایک واقعہ بیان فرمایا۔

## جامعہ احمدیہ انٹرنیشنل گھانا

گھانا میں جامعہ احمدیہ انٹرنیشنل کا قیام اس سال اللہ تعالیٰ کے فضل سے عمل میں آ گیا ہے۔ بڑی خوبصورت بلڈنگ بنی ہے اور مزید تعمیر ہو رہی ہے۔ وہاں تمام افریقن ممالک کے بچے جا کر شاہد کی ڈگری حاصل کریں گے۔ پہلے وہاں تین سالہ کورس تھا اب باقاعدہ شاہد کی ڈگری ملا کرے گی یہاں سے۔

## پریس اینڈ پبلیکیشنز

شعبہ پریس اینڈ پبلیکیشنز میں کافی کام ہوا ہے۔

## مخزن تصاویر

مخزن تصاویر کے تحت بھی اللہ تعالیٰ کے فضل سے اچھا کام ہو رہا ہے۔

## مجلس نصرت جہاں

مجلس نصرت جہاں کے تحت اس وقت افریقہ کے 12 ممالک میں 39 ہسپتال اور کلینکس کام کر

رہے ہیں ۔ 44 ڈاکٹرز خدمت سرانجام دے رہے ہیں ۔ 12 ممالک میں ہمارے 656 ہائر سیکنڈری سکولز، جونیئر، سیکنڈری سکولز اور پرائمری سکولز کام کررہے ہیں اور ہومیو پیتھک کلینکس بھی کھل رہے ہیں ۔حضور انور نے شفاء کے بعض غیر معمولی واقعات بیان فرمائے۔

## IAAAE کی خدمات

انٹرنیشنل ایسوسی ایشن آف احمدی آرکیٹکٹس اینڈ انجینئرز بھی اللہ تعالیٰ کے فضل سے کافی کام کررہی ہے اور ماڈل ولیجز بنانا، بجلی مہیا کرنا، مشن ہاؤسز کی تعمیر وغیرہ کا کام سرانجام دے رہی ہے۔ ماڈل ولیجز میں ایک کا افتتاح ہو چکا ہے اور دوسرے کا جلد افتتاح ہو جائے گا۔ اس ذریعہ سے بھی جماعت احمدیہ کا کافی نام ان ممالک میں پھیل رہا ہے۔

## ناداروں کی امداد

نادار اور ضرورت مندوں کی امداد بھی اللہ تعالیٰ کے فضل سے جاری ہے اور ہزاروں لاکھوں بچے اور مریض استفادہ کررہے ہیں۔ اس حوالے سے حضور انور نے بعض واقعات و تاثرات بیان فرمائے۔

## نومبائعین سے رابطے

نومبائعین سے رابطے میں اللہ تعالیٰ کے فضل سے غانا سرفہرست ہے۔ اس سال بھی انہوں نے 29ہزار 200 نومبائعین سے رابطہ بحال کیا ہے اور 7 سالوں میں اب تک 9لاکھ 25ہزار 400 نومبائعین سے رابطہ بحال کر چکے ہیں ۔ دوسرے نمبر پر نائیجیریا ہے انہوں نے 40ہزار سے رابطے کئے ہیں اور کل 6لاکھ رابطے ہو چکے ہیں۔ یہ کل تعداد کے لحاظ سے دوسرے نمبر پر ہے۔ تیسرے نمبر پر برکینا فاسو ہے ۔ یہاں اللہ تعالیٰ کے فضل سے رابطے ہورہے ہیں۔

## بیعتوں کی تعداد

احباب جماعت کو بیعتوں کی تعداد کے حوالے سے دلچسپی ہوتی ہے۔ اس سال اللہ تعالیٰ کے فضل سے 5لاکھ 14ہزار 352 بیعتیں ہوئی ہیں۔ 116 ممالک سے 282 قومیں احمدیت میں داخل ہوئی ہیں ۔ مالی میں ایک لاکھ 45ہزار بیعتیں ہوئیں ۔ 23 نئی جماعتیں قائم ہوئیں۔ نائیجیریا میں ایک لاکھ 25ہزار 306 بیعتیں ہوئیں اور 30 نئی جماعتیں قائم ہوئیں ، گھانا میں 37ہزار بیعتیں ہوئیں ، 59 مقامات پر جماعتیں قائم ہوئیں۔ برکینا فاسو میں 25ہزار بیعتیں اور 42 نئی جماعتیں قائم ہوئیں ۔ آئیوری کوسٹ میں 7ہزار 600 بیعتیں ہوئیں اور 29 جماعتیں قائم ہوئیں۔ سینیگال 7ہزار، بینن 39ہزار، نائیجیریا 23ہزار، کیمرون 21ہزار اور یوگنڈا، کینیا، سیرالیون وغیرہ میں بیعتیں ہوئیں۔ ہندوستان میں 25ہزار 237 بیعتیں ہوئیں۔ بیعتوں کے بارے میں حضور انور نے بعض واقعات بیان فرمائے۔ جن میں جماعتی حالات اور احمدی احباب کا دینی نمونہ دیکھ کر لوگوں نے احمدیت قبول کی۔ حضور انور نے فرمایا بہت سے ایسے واقعات ہیں جن میں احمدیت کی وجہ سے پاک تبدیلیاں پیدا ہونے کے ، دعا کے واقعات ، مالی قربانیوں اور چندوں کی ادائیگی میں ایمان افروز واقعات اور اسی طرح بہت ساری چیزیں ہیں۔ اللہ تعالیٰ کے فضل سے جماعت دنیا میں ترقی کر رہی ہے اور جو لوگ شامل ہورہے ہیں وہ ایمان میں بھی بہت زیادہ ترقی کررہے ہیں۔

حضور انور نے حضرت مسیح موعود کا وہ ارشاد پڑھ کر سنایا جس میں مخالفت کے باوجود جماعت احمدیہ کے دنیا میں پھیلتے چلے جانے کی پیشگوئی فرمائی گئی ہے۔ حضور انور نے اپنے خطاب کے آخر پر فرمایا۔ اللہ تعالیٰ ہمیں صحیح رنگ میں ان باتوں پر عمل کرنے والا بنائے، ان لوگوں میں شامل فرمائے ، جماعت کے انقلاب میں شامل فرمائے جو حضرت مسیح موعود دیکھنا چاہتے تھے۔

## سافٹ ویئر انقلاب

دنیائے انٹرنیٹ کی بدولت ممالک کی سرحدیں بتدریج غیر اہم بن رہی ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ ان کمپنیوں کا کاروبار پھل پھول رہا ہے جو دنیائے انٹرنیٹ سے وابستہ ہوں۔ مثلاً فی الوقت دنیا میں سب سے بڑی کتابوں کی دکان ایمزن۔ سب سے زیادہ ترقی کرتی ٹیلی کام کمپنی، سکائی پی بھی اسی دنیا کی باسی ہے۔ 2011ء میں جن مشہور کمپنیوں نے اپنے حصص برائے فروخت پیش کئے، ان میں سے بیشتر دنیائے انٹرنیٹ یا سافٹ ویئر صنعت سے وابستہ تھیں۔ مثلاً گروپن، پینڈورا، فیس بک وغیرہ۔ غرض دنیائے انٹرنیٹ اور سافٹ ویئر بہت تیزی سے انسانی زندگی کا جزو بن رہے ہیں۔

مارک اینڈرسن امریکہ کا ممتاز سرمایہ کار ہے۔ اس نے حال ہی میں واشنگٹن سٹریٹ جرنل میں شائع کردہ اپنے مضمون میں لکھا ''اس وقت پوری دنیا میں یہ ڈرامائی تکنیکی و معاشی انقلاب آرہا ہے کہ انٹرنیٹ و سافٹ ویئر کمپنیاں عالمی معیشت پر قبضہ جمارہی ہیں۔ ان کی کامیابی کا راز یہ ہے کہ کمپنی شروع کرنے کے لئے زیادہ سرمایہ درکار نہیں ہوتا، جبکہ دنیائے انٹرنیٹ کی مارکیٹ اتنی وسیع ہے کہ وہاں ناتجربے کار بھی جڑ پکڑ لیتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ انٹرنیٹ اور سافٹ ویئر اب ہر شعبے میں دخیل ہورہے ہیں۔ چاہے وہ میڈیا ہو یا رٹیل کاروبار، تعلیم ہو یا شعبہ صحت اور یہ فہرست بڑھتی رہی ہے، بہت تیزی سے!

---

# علمی معیار بڑھانے کے ذرائع

عبدالسمیع خان

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے

کتاب انزلناه اليك مبارك ليدبروا آياته وليتذكر اولوا الالباب۔ (سورۃ ص: آیت30)

یہ قرآن ایسی کتاب ہے جسے ہم نے تیری طرف نازل کیا ہے۔ سب خوبیوں کی جامع ہے تاکہ لوگ اس کی آیات پر تدبر کریں اور تاکہ عقلمند نصیحت حاصل کریں۔

پس علم کا سب سے بڑا، سب سے سچا یقینی اور قطعی ماخذ قرآن کریم ہے بلکہ حقیقت میں علم وہی ہے جو قرآن کے مطابق اور ماتحت ہے اور جو کچھ اس سے متضاد یا متصادم ہے وہ علم نہیں جہالت ہے۔

پس علمی معیار بڑھانے کا سب سے پہلا اور مرکزی نکتہ قرآن کی تلاوت اور اس پر تدبر ہے۔

### قرآن پر غور کرو:

عن عبينه المليكى ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال: يا اهل القرآن لاتتوسدوا القرآن واتلوه حق تلاوته من آناء الليل والنهار وافشوه وتعنوه وتدبروا مافيه لعلكم تفلحون۔

حضرت عبینہ الملیکی بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:۔

اے اہل قرآن، قرآن پڑھے بغیر نہ سویا کرو اور اس کی تلاوت رات اور دن کو اس انداز میں کرو جیسے اس کی تلاوت کا حق ہے اور اس کو خوش الحانی سے پڑھو اور اس کے مضامین پر غور کیا کرو تاکہ تم فلاح پاؤ۔

(الفردوس دیلمی جلد5 ص298 حدیث نمبر 8241 دارالکتب العلمیہ بیروت۔ 1986ء طبع اول)

یہ وہ کتاب ہے جس کے معارف کبھی ختم نہیں ہوتے۔

### عجائبات قرآن:

حضرت علیؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے قرآن کریم کے متعلق فرمایا:۔

لاتنقضى عجائبه۔

اس کے عجائبات کبھی ختم نہیں ہوں گے۔

(جامع ترمذی کتاب فضائل القرآن باب فضل القرآن حدیث نمبر 2831)

### قرآن کا ظاہر و باطن:

آنحضرت ﷺ نے فرمایا:۔

''قرآن کی تمام آیات کا ایک ظاہر اور ایک باطن ہے''۔

(تفسیر محی الدین ابن العربی برحاشیہ عرائس البیان جلد اول ص 3)

یہی وجہ ہے کہ قرآن پڑھنے اور پڑھانے کو رسول اللہ ﷺ نے بہترین عمل قرار دیا ہے۔

### معلم قرآن:

حضرت عثمانؓ بن عفان بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا:۔

خيركم من تعلم القرآن و علمه۔

تم میں سے وہ شخص سب سے بہتر ہے جو قرآن کریم کی تعلیم حاصل کرتا ہے اور دوسروں کو قرآن کی تعلیم دیتا ہے۔

(صحیح بخاری کتاب الفضائل باب خیرکم من تعلم القرآن حدیث نمبر 4639)

حضرت مفتی محمد صادق صاحب بیان فرماتے ہیں کہ حضرت مسیح موعود جب کسی مضمون پر قلم اٹھاتے تو ایک دفعہ سارے قرآن کریم سے گزر جاتے اور اس کی روشنی میں مضمون تحریر فرماتے۔

### قرآن۔ مجموعہ علوم وفنون:

مشہور مستشرق فلپ کے حتی رقمطراز ہیں۔

قرآن صرف ایک مذہب کا دل اور آسمانی بادشاہت کا رستہ دکھانے والا نہیں بلکہ وہ علوم و فنون اور سائنس و حکمت کا نچوڑ اور ایسی تاریخی دستاویز ہے جس میں ارضی بادشاہت کے قوانین بھی پیش کئے گئے ہیں۔

مسلمانوں کے نزدیک دینیات ، فقہ اور سائنس دراصل ایک ہی شمع کی کرنیں ہیں۔ لہٰذا تعلیم و تربیت کے لئے قرآن سائنس کا راہنما اور ایک درسی کتاب کی حیثیت اختیار کر جاتا ہے۔ دنیا کی سب سے بڑی اسلامی یونیورسٹی جامعۃ الازہر جیسے ادارے میں اس کتاب کو اب بھی سارے نصاب کی اساس قرار دیا جاتا ہے۔

شام عرب اور مصر کی طرح عراق اور مراکش میں ہر جگہ وہی کلاسیکل عربی زبان رائج ہے جس کی تشکیل قرآن نے کی۔

(تاریخ عرب از فلپ کے حتی، ناشر آصف جاوید برائے نگارشات باب5 صفحہ 35'37)

### احادیث صحیحہ

سچے علوم کا دوسرا ماخذ احادیث صحیحہ ہیں۔ وہ

روحانی تاریخی اور سائنسی سچائیاں جن سے رسول کریم ﷺ نے چودہ سو سال پہلے پردہ اٹھایا تھا مگر دنیا کی نظروں سے اوجھل ہو گئی تھیں آج کی سائنس انہیں سرآنکھوں پر بٹھا رہی ہے۔اسی لئے آپ نے فرمایا:۔

بلغوا عنی ولو آیة۔

مجھ سے سن کر آگے پہنچاؤ خواہ ایک آیت ہی ہو۔

اور بار بار فرمایا:۔

لیبلغ الشاھد الغائب۔

ہر حاضر میری بات کو ان تک پہنچاوے جو حاضر نہیں ہیں۔

آپ نے اپنے خلفاء کے لئے یوں دعا کی۔

اللھم ارحم خلفائی الذین یاتون من بعدی یروون احادیثی و سنتی ویعلمونھا الناس۔

اے اللہ میرے ان خلفاء پر رحم فرما جو میرے بعد آئیں گے میری احادیث اور سنت بیان کریں گے اور لوگوں کو ان کی تعلیم دیں گے۔

(الجامع الصغیر جلد 1 ص 60)

## کتب حضرت مسیح موعود و خلفاء

تیسرے نمبر پر حضرت مسیح موعود کی کتب ہیں جو قرآن کریم اور احادیث صحیحہ کی بہترین تفسیر ہیں اور جن کے پڑھنے سے انسان علوم کی نئی منزلیں طے کرتا ہے۔

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں:۔

میں سچ سچ کہتا ہوں کہ......جو شخص میرے ہاتھ سے جام پئے گا جو مجھے دیا گیا ہے وہ ہرگز نہیں مرے گا۔وہ زندگی بخش باتیں جو میں کہتا ہوں اور وہ حکمت جو میرے منہ سے نکلتی ہے اگر کوئی اور بھی اس کی مانند کہہ سکتا ہے تو سمجھو کہ میں خداتعالیٰ کی طرف سے نہیں آیا۔

(ازالہ اوہام۔روحانی خزائن جلد 3 ص 104)

حضرت خلیفۃ المسیح الثانی المصلح الموعود فرماتے ہیں:۔

''براہین احمدیہ کو میں کئی مہینوں میں ختم کر سکا تھا میں بڑا پڑھنے والا ہوں کئی کئی سو صفحات لگاتار پڑھ جاتا ہوں مگر براہین کو پڑھتے ہوئے اس وجہ سے اتنی دیر لگی کہ کچھ سطریں پڑھتا تو اس قدر مطالب اور نکتے ذہن میں آنے شروع ہو جاتے کہ آگے نہ پڑھ سکتا اور وہیں کتاب رکھ کر لطف اٹھانے لگ جاتا''۔

(حقیقۃ الرویا 50۔تقریر جلسہ سالانہ 27 دسمبر 1917ء)

پھر فرماتے ہیں:۔

جو کتابیں ایک ایسے شخص نے لکھی ہوں جس پر فرشتے نازل ہوتے تھے،ان کے پڑھنے سے بھی ملائکہ نازل ہوتے ہیں۔چنانچہ حضرت صاحب کی کتابیں جو شخص پڑھے گا اس پر فرشتے نازل ہوں گے یہ ایک خاص نکتہ ہے کہ کیوں حضرت صاحب کی کتابیں پڑھتے ہوئے نکات اور معارف کھلتے ہیں اور جب پڑھو جب ہی خاص نکات اور برکات کا نزول ہوتا ہے۔ ......تو حضرت صاحب کی کتابیں بھی خاص فیضان رکھتی ہیں۔ان کا پڑھنا بھی ملائکہ سے فیضان حاصل کرنے کا ذریعہ ہے اور ان کے ذریعہ نئے نئے علوم کھلتے ہیں۔

(ملائکۃ اللہ۔انوار العلوم جلد 5 ص 560)

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں:۔

میں نے جو کتاب حقیقۃ الوحی لکھی ہے اس کو جو شخص حرف بحرف پڑھ لے گا میں نہیں خیال کرتا کہ پھر وہ یہ خیال کرے کہ میں وہی ہوں جو اس کے خیال میں پڑھنے سے پہلے تھا۔

(ملفوظات جلد 5 ص 166)

اس کے بعد خلفاء سلسلہ کی تقاریر اور خطابات میں جو علم و عرفان سے بھرپور ہوتے ہیں۔

## کائنات کا مطالعہ

اس کے بعد اللہ تعالیٰ کی کائنات یعنی تمام سائنسی سماجی اور تاریخی علوم کا مطالعہ ہے۔محترم ڈاکٹر عبدالسلام صاحب فرمایا کرتے تھے کہ قرآن کریم کی قریباً 800 آیات انسان کو کائنات پر غور و تدبر کی دعوت دیتی ہیں۔خواہ وہ ماضی یعنی تاریخ سے متعلق ہوں۔حال یعنی سماجی علوم سے متعلق ہوں خواہ مستقبل یعنی سائنسی علوم سے تعلق رکھتی ہوں۔

قرآن اور سائنس کے امتزاج کا ایک عجیب نظارہ حضرت خلیفۃ المسیح الاول نے پیش کیا۔

### معجون القرآن

حضرت مولانا غلام رسول صاحب راجیکی کی ایمان افروز روایت ہے کہ:

''ایک دفعہ سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الاول نے بحیثیت طبیب حاذق اور رئیس الاطباء کے قرآن کریم کی روشنی میں ایک دوائی تیار کرائی جس کا نام ''معجون القرآن'' تجویز فرمایا قرآن کریم میں جن ثمرات کا ذکر آیا ہے ان کو شامل کیا گیا اور سورۂ محمد میں جن چار نہروں کا ذکر ہے یعنی نہر من ماء غیر آسن۔نہر لبن خالص۔نہر خمر لذۃ للشاربین۔نہر عسل مصفی ان چیزوں کو بھی اس دوائی کے اجزاء میں شامل کیا گیا۔یہ معجون بہت سے مریضوں کو استعمال کرائی گئی عجیب الخواص والبرکات تھی''۔

(حیات قدسی حصہ چہارم ص 150)

## سائنسی علوم کی طرف توجہ کرنے کی تحریک

علم کا ہر شعبہ علم ہی ہے مگر اس دور میں ہر قسم کی ترقی کے لئے سائنسی علوم کی طرف خاص توجہ ناگزیر ہے اور جس قوم کے پاس جتنے سائنسدان، جتنی لیبارٹریاں اور جتنی سائنسی درسگاہیں ہوں گی وہ قوم اتنی ہی ترقی یافتہ کہلائے گی۔

اعداد و شمار کے مطابق اسلامی دنیا میں 21 لاکھ لوگوں میں سے صرف 230 لوگوں کو سائنس کا علم ہوتا ہے جبکہ امریکہ کے 10 لاکھ میں سے 4 ہزار اور جاپان کے 5 ہزار شہری سائنسدان ہوتے ہیں۔

چین اور بھارت علم اور ٹیکنالوجی میں نئی طاقت بن کر ابھر رہے ہیں۔امریکی ماہرین کا خیال ہے چین 2045ء میں امریکہ کی جگہ لے لے گا،اس کی وجہ یونیورسٹیاں اور ٹیکنالوجی ہے، چین میں اس وقت 9000 اور بھارت میں 8407 یونیورسٹیاں ہیں۔یہ دونوں ملک ہر سال 9 لاکھ 50 ہزار انجینئر پیدا کرتے ہیں۔اس کے مقابلے میں امریکہ میں ہر سال صرف 70 ہزار نئے انجینئر مارکیٹ میں آتے ہیں۔اس وقت دنیا میں 120 کیمیکل پلانٹس بن رہے ہیں،ان میں سے 50 چین میں ہیں۔

(روزنامہ ایکسپریس یکم اگست 2006ء)

سائنسدانوں کے بارے میں کہتے ہیں کہ 5 لاکھ بچوں میں سے صرف 20 ہزار سائنس میں دلچسپی لیتے ہیں۔ان میں سے صرف دو سو ایم ایس سی کی سطح تک پہنچتے ہیں۔صرف 5 پی ایچ ڈی کر سکتے ہیں اور 100 پی ایچ ڈی کرنے والوں میں سے صرف ایک پروفیسر بین الاقوامی شہرت پاتا ہے جبکہ بین الاقوامی شہرت پانے والے دو سو پروفیسروں میں سے کوئی ایک دنیا کو نئی چیز یا نئی ایجاد پیش کرتا ہے۔

(روزنامہ ایکسپریس 11 جنوری 2003ء)

ان حالات میں حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ نے سائنسی تعلیم کے حصول کی طرف خصوصی توجہ دلائی اور مجلس خدام الاحمدیہ UK کے نیشنل اجتماع منعقدہ 17 ستمبر 2006ء کے موقع پر اختتامی خطاب میں فرمایا:۔

''آج آپ طلباء اگر یہ ارادہ کر لیں کہ سائنس کے میدان میں اتنا آگے بڑھنا ہے کہ آئندہ اس ملک کو سائنسدانوں کی جو ضرورت ہے وہ آپ نے پوری کرنی ہے تو یہ......کے نام کو روشن کرنے والا ایسا کام ہوگا جس سے جیسا کہ میں نے کہا یہ قومیں مجبور ہوں گی کہ پھر یہ......کے خلاف کوئی بات نہ کر سکیں گے۔حضرت خلیفۃ المسیح الثالث نے جوبلی کے سال میں فرمایا تھا، کچھ سائنسدانوں کی تعداد بتائی تھی،میرا خیال ہے سو یا کتنی کہ مجھے احمدی بچوں میں سے ایسے سائنسدان چاہئیں جو ڈاکٹر سلام صاحب کا مقام حاصل کریں۔تو ابھی تک تو وہ ہم حاصل نہیں کر سکے۔تو آپ لوگ جو ان ملکوں میں پڑھ رہے ہیں، ان ملکوں میں رہ رہے ہیں۔پڑھائی کی سہولتیں ہیں، مواقع میسر ہیں،اس سے فائدہ اٹھائیں اور آگے سے آگے بڑھتے چلے جائیں''۔

(ماہنامہ نورالدین جرمنی ستمبر 2007ء ص 1)

پھر نیشنل مجلس عاملہ خدام الاحمدیہ جرمنی کو ہدایات دیتے ہوئے فرمایا:۔

خدام الاحمدیہ یو۔کے کے اجتماع پر میں نے توجہ دلائی تھی اور کل انصاراللہ کی میٹنگ میں بھی انہیں کہا ہے کہ حضرت خلیفۃ المسیح الثالث کی خواہش تھی کہ جوبلی کا سال جب آئے تو جماعت احمدیہ کو ڈاکٹر عبدالسلام صاحب جیسے سو سائنسدان چاہئیں۔تو ایسی صلاحیت رکھنے والے طلباء کو تلاش کریں،ان کی رہنمائی کریں اور انہیں سائنس کے مختلف مضامین میں ریسرچ کرنے کی طرف توجہ دلائیں۔ (الفضل 6 جنوری 2007ء)

نیز 24 دسمبر 2006ء کو مجلس عاملہ انصاراللہ جرمنی کو ہدایات دیتے ہوئے حضور نے فرمایا کہ:۔

''احمدی بچوں کو زیادہ سے زیادہ ریسرچ کے میدانوں میں آنا چاہئے اور اگلے پندرہ بیس سال میں اس تحقیق کے میدان میں احمدیوں کا بہت اچھا تناسب ہونا چاہئے تاکہ یہ ملک احمدیوں کو اپنے ملکوں میں رکھنے پر مجبور ہو جائیں۔محترم ڈاکٹر عبدالسلام صاحب کے حوالہ سے حضور انور نے فرمایا کہ فزکس، کیمسٹری اور میڈیکل کے میدانوں میں بھی احمدیوں کو آگے آنا چاہئے۔اس ضمن میں حضور انور نے فرمایا کہ مجھے امید ہے اور میری دعا ہے کہ ڈاکٹر نعیم صاحب ایک دن انشاء اللہ نوبیل انعام حاصل کر لیں گے''۔

(الفضل 6 جنوری 2007ء ص 5)

## نوبیل پرائز کا ٹارگٹ

حضور انور نے نیشنل سیکرٹری تعلیم امریکہ کو جو ہدایات دیں ان میں فرمایا اپنا ٹارگٹ نوبیل پرائز کا حصول رکھیں۔ 26 جون 2012ء کو اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے والے طلباء کی حضور انور سے ملاقات اور سوال و جواب کی مجلس ہوئی۔

اس سوال کے جواب میں کہ نوبیل پرائز کا حصول کس طرح ہو، حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا قرآن کریم سے Topic لیں اور اپنے سپروائزر کو کہیں کہ یہ مضمون ہے اور یہ Topic ہے جس پر ہم ریسرچ کرنا چاہتے ہیں۔پھر قرآن کریم کی دی ہوئی تعلیم اور راہنمائی کی روشنی میں اپنی ریسرچ کو مکمل کریں اور اس پر نوبیل پرائز حاصل کریں۔اس کے لئے قرآن کریم کو بار بار پڑھیں۔ترجمہ کے ساتھ پڑھیں اور پھر اس کے گہرے معانی اور مطالب پر غور کریں اور ان کو سمجھیں پھر کسی چیز کے لئے ریسرچ کریں۔

(الفضل 12 جولائی 2012ء)

# اطلاعات واعلانات

## ولادت

❁ مکرم اسجد جاوید چیمہ صاحب دارالرحمت شرقی راجیکی ربوہ تحریر کرتے ہیں۔

میری بیٹی مکرمہ مبارکہ طاہر صاحبہ زوجہ مکرم طاہر محمود گھمن صاحب سمبڑیال کو اللہ تعالیٰ نے محض اپنے فضل وکرم سے مورخہ 7 ستمبر 2012ء کو ایک بیٹی کے بعد پہلے بیٹے سے نوازا ہے۔ اس کا نام موسیٰ امین احمد تجویز ہوا ہے۔ نومولود مکرم چوہدری مبشر احمد گھمن صاحب سمبڑیال کا پوتا ہے۔ نومولود کو پیدائش کے بعد نمونیہ کی شکایت ہو گئی ہے۔ زبیدہ بانی ونگ فضل عمر ہسپتال میں داخل ہے۔ احباب سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ بچے کو شفاء کاملہ وعاجلہ عطا فرمائے نیز نیک خادم دین اور والدین کی آنکھوں کی ٹھنڈک بنائے۔ آمین

## سانحہ ارتحال

❁ مکرمہ نصرت منیر صاحبہ صدر لجنہ اماء اللہ دارالنصر شرقی نور ربوہ تحریر کرتی ہیں۔

میری والدہ محترمہ صدیقہ بیگم صاحبہ بیوہ مکرم محمد صدیق صاحب مرحوم دارالنصر شرقی نور ربوہ مورخہ 26 اگست 2012ء کو بقضائے الٰہی وفات پا گئیں۔ مرحومہ حضرت جلال الدین صاحب ابن حضرت کالو صاحب رفیق حضرت مسیح موعود کی دختر تھیں۔ مورخہ 28 اگست کو مکرم مرزا محمد الدین صاحب ناز ایڈیشنل ناظر تعلیم القرآن و وقف عارضی نے احاطہ دفاتر صدر انجمن احمدیہ میں 9 بجے صبح نماز جنازہ پڑھائی۔ بعد ازاں بہشتی مقبرہ میں تدفین کے بعد مکرم بشارت احمد محمود صاحب نائب ناظر اصلاح وارشاد مرکزیہ نے دعا کرائی۔

مرحومہ نے اپنے پسماندگان میں دو بیٹے مکرم محمد انور نسیم صاحب مربی سلسلہ شعبہ تاریخ احمدیت، مکرم مبشر احمد صاحب سیکرٹری تربیت نومبائعین سٹیل ٹاؤن کراچی، چار بیٹیاں خاکسار، مکرمہ بشریٰ جبیں صاحبہ زوجہ مکرم سردار علی صاحب دارالرحمت غربی ربوہ، مکرمہ سعدیہ ناصر صاحبہ زوجہ مکرم ناصر شاہ صاحب اور مکرمہ راشدہ مبین صاحبہ متعدد نواسے نواسیاں اور پوتے پوتیاں چھوڑی ہیں۔ سب بچے سوائے عزیزہ راشدہ مبین کے شادی شدہ اور اپنے گھروں میں آباد ہیں۔ احباب سے مرحومہ کے بلندی درجات کیلئے درخواست دعا ہے۔

**عطیہ خون خدمت خلق ہے**

# ایم ٹی اے انٹرنیشنل کے پروگرام (پاکستانی وقت کے مطابق)

**پروگراموں میں 20,15 منٹ کی کمی بیشی یا تبدیلی کی جاسکتی ہے**

### 26 ستمبر 2012ء

| | |
|---|---|
| 1:20 am | عربی سروس اور بائبل میں پیشگوئیاں |
| 3:15 am | آسٹریلوی جنگلی حیات اور سیرت النبی ﷺ |
| 4:00 am | سوال وجواب |
| 5:10 am | تلاوت قرآن کریم، درس حدیث اور یسرنا القرآن |
| 6:20 am | حضور انور کا جلسہ سالانہ سے خطاب |
| 7:30 am | فرنچ سیکھئے اور آسٹریلوی جنگلی حیات |
| 8:30 am | بائبل کی پیشگوئیاں |
| 9:50 am | لقاء مع العرب |
| 11:00 am | تلاوت قرآن کریم، درس ملفوظات اور الترتیل |
| 12:00 pm | حضور انور کے خطابات، ریئل ٹاک اور سوال وجواب |
| 3:05 pm | انڈونیشین سروس اور سواحیلی سروس |
| 510 pm | تلاوت قرآن کریم، درس ملفوظات اور الترتیل |
| 6:05 pm | خطبہ جمعہ فرمودہ 21 ستمبر 2012ء اور بنگلہ سروس |
| 8:05 pm | فقہی مسائل، کڈز ٹائم اور فیتھ میٹرز |
| 10:15 pm | دعائے مستجاب اور الترتیل |
| 11:00 pm | ایم۔ٹی۔اے عالمی خبریں اور حضور انور کے خطابات |

### 27 ستمبر 2012ء

| | |
|---|---|
| 12:20 am | ریئل ٹاک اور فقہی مسائل |
| 2:00 am | کڈز ٹائم اور دعائے مستجاب |
| 3:00 am | خطبہ جمعہ فرمودہ 21 ستمبر 2012ء اور انتخاب سخن |
| 5:00 am | ایم۔ٹی۔اے عالمی خبریں، تلاوت قرآن کریم اور الترتیل |
| 6:20 am | حضور انور کے خطابات اور فقہی مسائل |
| 7:50 am | مشاعرہ اور فیتھ میٹرز |
| 9:55 am | لقاء مع العرب |
| 11:00 am | تلاوت قرآن کریم، درس حدیث اور یسرنا القرآن |
| 11:55 am | حضور انور کے خطابات اور Beacon of Truth (سچائی کا نور) |
| 2:00 pm | ترجمۃ القرآن کلاس اور انڈونیشین سروس |
| 4:00 pm | پشتو سروس، تلاوت قرآن کریم اور درس حدیث |
| 5:25 pm | یسرنا القرآن اور Beacon of Truth (سچائی کا نور) |
| 7:00 pm | بنگلہ سروس، آئینہ اور Maseer-e-Shahindagan |
| 9:15 pm | انتخاب سخن اور ترجمۃ القرآن |
| 11:20 pm | یسرنا القرآن اور ایم۔ٹی۔اے عالمی خبریں |

## دورہ نمائندہ مینیجر روزنامہ الفضل

❁ مکرم منور احمد جج صاحب نمائندہ مینیجر روزنامہ الفضل آجکل توسیع اشاعت، وصولی واجبات اور اشتہارات کے حصول کیلئے کراچی کے دورہ پر ہیں۔ احباب جماعت واراکین عاملہ، مربیان کرام اور صدران جماعت سے خصوصی تعاون کی درخواست ہے۔

❁ مکرم خالد محمود صاحب نمائندہ مینیجر روزنامہ الفضل آجکل توسیع اشاعت، وصولی واجبات اور اشتہارات کیلئے نارووال اور سیالکوٹ کے اضلاع کے دورہ پر ہیں احباب جماعت واراکین عاملہ اور مربیان کرام سے خصوصی تعاون کی درخواست ہے۔

❁ مکرم نعیم احمد صاحب اٹھوال نمائندہ مینیجر روزنامہ الفضل آجکل توسیع اشاعت، وصولی واجبات اور اشتہارات کے حصول کیلئے ضلع خانیوال کے دورہ پر ہیں۔ احباب جماعت واراکین عاملہ، مربیان کرام اور صدران جماعت سے خصوصی تعاون کی درخواست ہے۔

(مینیجر روزنامہ الفضل)

## ربوہ کے مضافات میں پلاٹس کے خریداران متوجہ ہوں

❁ ربوہ کے مضافات میں جن احباب کے پلاٹس ہیں ان سے گزارش ہے کہ اپنے پلاٹس پر قبضہ کرنے کیلئے چار دیواری اور کم از کم ایک کمرہ تعمیر کریں۔ جو احباب مضافاتی کالونیوں میں اپنے پلاٹ کی خرید وفروخت کسی پراپرٹی ڈیلر یا ایجنٹ کے ذریعہ کرنا چاہیں تو ان سے درخواست ہے کہ وہ صرف منظور شدہ پراپرٹی ڈیلر کی معرفت تحریری سودا کریں اور سودا کرنے سے قبل پراپرٹی ڈیلر کا اجازت نامہ ضرور چیک کر لیں۔

(صدر مضافاتی کمیٹی لوکل انجمن احمدیہ ربوہ)

# یوم تحریک جدید

❁ امراء اضلاع، صدران جماعت اور مربیان و معلمین سلسلہ کی خدمت میں درخواست ہے کہ مجلس مشاورت 1991ء کے فیصلہ کی تعمیل میں سال رواں کا دوسرا ''یوم تحریک جدید'' 12 اکتوبر 2012ء بروز جمعۃ المبارک منایا جائے جس میں احباب جماعت کو مطالبات تحریک جدید کی طرف خصوصی توجہ دلائی جائے۔ اس موقع پر امراء وصدر صاحبان اپنی سہولت اور حالات کے مطابق پروگرام منعقد کر کے مطالبات کی اہمیت احباب جماعت پر واضح کرنے کا اہتمام فرمائیں۔

خطبات جمعہ میں تحریک جدید کے مطالبات اور ان کی حکمت بیان کی جائے۔ اس دن خصوصیت کے ساتھ تحریک جدید کے ذریعہ جماعت پر ہونے والے انعامات وافضال الٰہیہ کا احباب کے سامنے ذکر کیا جائے۔ اس دن حسب ذیل چند مطالبات تحریک جدید پر خصوصی روشنی ڈالی جائے۔

1۔ احباب سادہ زندگی بسر کریں۔ لباس کھانے اور رہائش میں سادگی اختیار کریں۔

2۔ والدین اپنی اولاد کو خدمت دین کے لئے وقف کریں۔

3۔ رخصت کے ایام خدمت دین کے لئے وقف کریں۔

4۔ اپنے ہاتھ سے کام کرنے کی عادت ڈالیں۔

5۔ جو لوگ بے کار ہیں وہ چھوٹے سے چھوٹا کام جو بھی مل سکے کر لیں۔

6۔ قومی دیانت کا قیام کریں۔

7۔ حسب استطاعت مالی قربانی کرنے کی طرف احباب جماعت کو توجہ دلائی جائے۔

8۔ مقاصد تحریک جدید کے لئے خاص دعا کریں۔

9۔ تحریک جدید کے اعلان سے قبل حضرت خلیفۃ المسیح الثانی نے احباب کو اپنے تنازعات ختم کرنے کی خصوصی تحریک فرمائی تھی۔ موجودہ دور میں اس کی طرف بھی احباب کو خصوصی توجہ دلائی جائے۔

**نوٹ:۔** اگر کسی وجہ سے 12 اکتوبر کو 'یوم تحریک جدید' نہ منایا جاسکتا ہو تو جماعتی فیصلہ کے تحت اپنی سہولت اور حالات کے مطابق کسی بھی مناسب تاریخ کو ''یوم تحریک جدید'' منایا جائے اور اس کی رپورٹ سے دفتر کو مطلع فرمائیں۔

(وکیل الدیوان تحریک جدید انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ)

❁ ❁ ❁ ❁ ❁

**عطیہ چشم خدمت خلق ہے**

# خبریں

**گوئٹے مالا میں دو بچوں کے قاتل شرابی کو ہجوم نے زندہ جلا دیا** لاطینی امریکہ کے ملک گوئٹے مالا میں ہجوم نے ایک سکول میں دو بچوں کو قتل کرنے والے شرابی کو آگ لگا کر زندہ جلا دیا۔ 35 سالہ شخص جولیو ساکوئل نے بچوں کو چھرا مار کر قتل کر دیا تھا۔ اس کے بعد لوگوں نے اسے پکڑا اس پر پٹرول چھڑکا اور آگ لگا دی۔ گوئٹے مالا میں لوگوں کی طرف سے اس طرح کے فوری انصاف کے واقعات عام ہیں کیونکہ وہاں کے عوام کی اکثریت ملک کے موجودہ نظام انصاف سے مطمئن نہیں۔

**7 فٹ 4 انچ کا قدآور ترین کتا** امریکی ریاست مشی گن میں اب تک کا قدآور ترین کتا دریافت ہوا ہے جس کا قد 7 فٹ 4 انچ اور وزن 70.3 کلوگرام ہے اور یہ ایک دن میں 14 کلو گرام خوراک کھا جاتا ہے۔ اس کا نام گینز بک آف ورلڈ ریکارڈ میں شامل کر لیا گیا ہے۔ لوگ اس کے بارے میں اکثر یہ کہتے پائے گئے ہیں کہ یہ کتا ہے یا کہ گھوڑا۔ اس کتے کی عمر تین سال ہے، اس کے مالکان کا کہنا ہے کہ انہیں اسے ایک سے دوسری جگہ منتقل کرنے کیلئے ویگن کرائے پر لینا پڑتی ہے۔ اس کا پاؤں اگر کسی کے پاؤں پر آ جائے تو خراشیں چھوڑ جاتا ہے۔ دنیا میں اس وقت قدآور ترین گدھے کی بلندی 5 فٹ ایک انچ ہے یہ بھی امریکہ کے شہر اوکلاہاما میں ہے۔

**امریکا کا تیز ترین روبوٹک چیتا** امریکی سائنسدانوں کے ایجاد کردہ روبوٹک چیتے نے تیز رفتاری کا اپنا ہی ریکارڈ توڑتے ہوئے دنیا کے تیز ترین ایتھلیٹ یوسین بولٹ کو بھی پیچھے چھوڑ دیا ہے۔ چار ٹانگوں پر مشتمل چیتا نامی اس روبوٹ نے ٹریڈمل پر 28 اعشاریہ 3 میل فی گھنٹہ کی رفتار سے دوڑ کر نہ صرف اپنا ہی 18 میل فی گھنٹہ کا ریکارڈ توڑا بلکہ تیز ترین روبوٹک چیتے کا اعزاز بھی اپنے نام کر لیا ہے۔

**اوباما کی تقریر پر ایک منٹ میں 757,52 کے ریکارڈ، پسندیدگی کا نیا ریکارڈ** امریکی صدر بارک اوباما کی نئے صدر کی نامزدگی قبول کرنے کے بعد، نارتھ کیرولینا میں ڈیموکریٹک پارٹی کے کنونشن سے خطاب نے ٹویٹر پر نیا ریکارڈ قائم کر دیا۔ اوباما کی تقریب پر ایک منٹ میں 757,52 کے ریکارڈ ٹویٹ ہوئے۔ مائیکرو بلاگنگ سائٹ پر مجموعی طور پر 9 ملین سے زیادہ ٹوئٹ کئے گئے۔

**عرب دنیا کی سب سے بڑی کشتی بنانے کی تیاری** دبئی کی بندرگاہ پر ان دنوں عرب دنیا کی سب سے بڑی کشتی بنانے کی تیاری جاری ہے۔ اس کشتی کی تیاری میں چھ سوٹن لکڑی اور نو سو ٹن اسٹیل استعمال کیا گیا ہے جو اب تکمیل کے آخری مراحل میں داخل ہو گئی ہے۔ دو بھائیوں کی کوششوں سے تیار کی جانے والی یہ کشتی تجارتی مقاصد کیلئے استعمال کی جائے گی جس میں دو ہزار پانچ سوٹن وزن لوڈ کیا جا سکے گا۔ دو سو فٹ لمبی اور نو سوٹن وزنی عرب دنیا کی اس سب سے بڑی کشتی کی تعمیر پر آٹھ ملین درہم لاگت آئی ہے۔

**ویت نام میں تخلیق کردہ ایسا منفرد روبوٹ جو دلکش ڈرائنگ بنا سکتا ہے** دنیا بھر میں منفرد انداز اور صلاحیتوں کے حامل لاتعداد روبوٹس بنائے جاتے ہیں لیکن ویت نام میں ایک نجی روبوٹ ساز کمپنی نے ایسا جدید ٹیکنالوجی کا حامل روبوٹ تخلیق کیا ہے جو دلکش ڈرائنگ بنانے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ SketRobo نامی اس روبوٹ میں کیمرہ اور چہروں کو پہچاننے کیلئے سافٹ ویئر نصب کیا گیا ہے جن کے ذریعے یہ باآسانی بیٹھ کر پین کے ذریعے ماہر آرٹسٹوں کی طرح ڈرائنگ بناتا اور سب کو حیران کرتا ہے۔

**مدھم روشنی میں سونا ڈیپریشن کا باعث ہے** ایک نئی تحقیق کے مطابق مدھم روشنی میں سونا ڈیپریشن کا باعث بن سکتا ہے۔ اس کے علاوہ ٹیلیویژن دیکھنے یا انٹرنیٹ استعمال کرنے کیلئے رات دیر تک جاگنا بھی ڈیپریشن لانے کا ایک بڑا سبب ہے۔ تحقیق کا مثبت پہلو یہ ہے کہ اگر انسان مدھم روشنی کی بجائے مکمل اندھیرے میں سونے کی کوشش کرے تو ڈیپریشن سے بچ سکتا ہے۔

**کینیڈا میں پانچ ہزار کلوگرام پھلوں کا سلاد تیار کرنے کا عالمی ریکارڈ** کینیڈا کے شہر مانٹریال میں پانچ ہزار اٹھہتر (5078) کلوگرام پھلوں کا سلاد تیار کر کے نیا عالمی ریکارڈ قائم کر دیا گیا ہے۔ دنیا کی اس سب سے بڑی فروٹ سلاد میں ایک ہزار کلوگرام اناس، ایک سو کلوگرام سیب اور ڈیڑھ سو کلوگرام اسٹرابیریز کے علاوہ انواع و اقسام کے کئی پھل استعمال کئے گئے۔ واضح رہے کہ مانٹریال کے شہریوں نے یہ ریکارڈ قائم کر کے 2011ء میں کیلی فورنیا میں تیار کئے جانے والے چار ہزار کلوگرام سلاد کا ریکارڈ توڑ ڈالا ہے۔

**مردوں کی نسبت خواتین کی نظر جلد کمزور ہوتی ہے** مردوں کی نسبت خواتین کی نظر جلد کمزور ہوتی ہے اور اس کی وجہ ان کے ہاتھوں میں کم لمبائی ہے۔ ایک تحقیق کے مطابق مردوں کی نسبت خواتین کے ہاتھوں کی لمبائی کم ہوتی ہے، جس کے باعث انہیں اخبار، کتابیں یا دیگر کئی تحریری مواد اپنی آنکھوں کو زیادہ قریب کر کے پڑھنا پڑتا ہے یہی وجہ ہے کہ خواتین کی کم عمری میں ہی نظر کا چشمہ استعمال کرنا پڑتا ہے۔

**بینکاک میں پہلے ہولا ہوپ مقابلے کا انعقاد** تھائی لینڈ کے دارالحکومت بینکاک میں پبلک ہیلتھ منسٹری کی جانب سے لوگوں میں ورزش کا شعور اجاگر کرنے کیلئے پہلے ہولا ہوپ مقابلے کا انعقاد کیا گیا۔ اپنی نوعیت کے اس منفرد اور دلچسپ مقابلے میں ملک بھر کے مختلف صوبوں سے 49 ٹیموں نے حصہ لیا جس میں 30,30 کھلاڑی موجود تھے۔ اس مقابلے میں 15 سے 50 سال کی عمر کے 1 ہزار 400 کھلاڑی موجود تھے جنہوں نے 30 منٹ تک اپنے پیٹ و کمر کے گرد ہولا ہوپ رنگز گھماتے ہوئے جسم کی چستی اور فٹنس کا ثبوت پیش کیا۔ ہولا ہوپس کا پہلا مقابلہ جیتنے والی ٹیم کو 1 ہزار 280 ڈالر کے انعام سے نوازا گیا۔

**ربوہ میں طلوع وغروب 17 ستمبر**

| | |
|---|---|
| طلوع فجر | 4:26 |
| طلوع آفتاب | 5:51 |
| زوال آفتاب | 12:03 |
| غروب آفتاب | 6:14 |

حب جدوار
ہر قسم کے سر درد کیلئے ہر قسم کے مضر اثرات سے پاک
NASIR ناصر
ناصر دواخانہ (رجسٹرڈ) گولبازار ربوہ
Ph:047-6212434

کسی بھی معمولی یا پیچیدہ خطرناک آپریشن سے پہلے
الحمید ہومیو کلینک اینڈ سٹورز
ہومیو فزیشن ڈاکٹر عبدالحمید صابر (ایم۔اے)
عمر مارکیٹ نزد اقصیٰ چوک ربوہ فون: 0344-7801578

FR-10

